ADAMJEE LIFE ASSURANCE COMPANY LIMITED

WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

Benefits Endorsement

Attached to the Participant Membership Document

adamjeefamily Takaful
Window Takaful Operations

I. In this Membership reference to "Child" in any context means the child mentioned as beneficiary under the Membership.

II. Notwithstanding anything contrary as stated in the Participant Membership Document (PMD), the following benefits are payable under the Membership:

1) Death Benefits

On the death of the Person Covered before the Maturity Date and whilst the Membership is in full force, all future Contributions under the Membership will cease to be payable and the Membership will continue till Maturity Date, and the following Sum Covered will be payable:

i. the Operator shall pay a lump sum death benefit equal to five (5) times the initial annual basic contribution.

ii. The Basic Contribution, equivalent to the initial Basic Contribution or the last paid basic Contribution, whichever is less, shall continue to be paid by the Participant's Takaful Fund (PTF) on behalf of the deceased Person Covered till the end of the Contribution paying term of the Membership.

Provided that if the death is by suicide within two years of the Inception Date, or the date of reinstatement if the Membership is reinstated subsequently, the liability of the Operator shall be limited to the Cash Surrender Value of Participant's Investment Account (PIA) as at the date of death and the Membership will terminate.

The amount of any contributions due but unpaid will be deducted from the Death Benefit.

2) If Contribution Payment is Not Maintained After First Two Years

After the Membership has been in force for two years from Membership issuance, if a Contribution is not paid on the due date or within the grace period allowed, the Sum Covered will be limited to the Paid Up Sum Covered consisting of a lump sum of five (5) times the initial annual basic contribution (ie Clause II(1)(i) above). The Operator will keep the Paid Up Sum Covered of the Membership in force for up to twelve months from the date of the first unpaid Contribution by continuing to make Monthly Deductions so long as the Cash Surrender Value of the Membership is sufficient to cover the ongoing Monthly Deduction. If in any month during this period the Cash Surrender Value of the Membership is insufficient to cover the Monthly Deduction, the Paid Up Sum Covered will remain in force for a further complete number of days as is afforded by the residual Cash Surrender Value on a simple proportionate basis, after which the Membership will terminate.

In case of death of the Person Covered, the benefits mentioned in Clause II(1)(ii) above shall not be payable.

If the Paid Up Sum Covered is still in force at the end of twelve months and if the Cash Surrender Value is less than the Operator's minimum requirements for conversion to the options below, the Cash Surrender Value will be paid and the Membership will terminate.

If the Cash Surrender Value is greater than the Operator's minimum requirement, the following two options are available:

Option A

The Membership will be converted to paid up whereby the Paid Up Sum Covered will continue to be maintained as long as the Cash Surrender Value of the Membership is sufficient to cover the ongoing Monthly Deduction. This will continue until the Maturity Date of the Membership or earlier death of the Person Covered providing, if in any month during this period the Cash Surrender Value of the Membership is insufficient to cover the Monthly Deduction, the Paid Up Sum Covered will remain in force for a further complete number of days as is afforded by the residual Cash Surrender Value on a simple proportionate basis, after which the Membership will terminate.

On survival of the Person Covered to the Maturity Date stated in the Membership Schedule and whilst the Paid Up Sum Covered is in force, the Operator shall pay, as a lump sum, the Cash Value available under PIA.

On death of the Person Covered before the Maturity Date stated in the Membership Schedule and whilst the paid Up Sum Covered is in force, the Operator shall pay, the Sum Covered as stated in the Membership Schedule.

آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ

ونڈو تکافل آپریشنز

فوائد کی توثیق

تکافل شدہ کی ممبرشپ کے دستاویزات سے منسلکہ

I۔ اس ممبرشپ میں کسی بھی تناظر میں ''بچے'' کے حوالے کا مقصد ممبرشپ کے تحت بینی فشری کے طور پر درج کردہ بچہ ہے۔

II۔ پارٹیسپنٹ ممبرشپ دستاویز (PMD) میں بیان کردہ حقائق سے متصادم ہونے کے باوجود، درج ذیل فوائد ممبرشپ کے تحت ادا کئے جائیں گے:

1) انتقال کی صورت میں فائدہ

میچورٹی کی تاریخ سے پہلے اور ممبرشپ کے قابل اطلاق ہونے پر تکافل شدہ کے انتقال کی صورت میں، ممبرشپ کے تحت آئندہ کی تمام زرشمولیت کی ادائیگی روک دی جائے گی اور ممبرشپ میچورٹی کی تاریخ تک جاری رہے گی اور درج ذیل زرتکافل کی رقم قابل ادا ہوگی۔

i۔ آپریٹر ابتدائی سالانہ بنیادی زرشمولیت کے پانچ (5) گنا کے مساوی رقم یکمشت بنیاد پر انتقال کے فوائد کے طور پر ادا کرے گا۔

ii۔ بنیادی زرشمولیت، جو ابتدائی بنیادی زرشمولیت یا آخری ادا شدہ بنیادی زرشمولیت، جو بھی کم ہو، کے مساوی رقم متوفی تکافل شدہ فرد کی طرف سے پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) سے ممبرشپ کی زرشمولیت ادا کرنے کی مدت کے اختتام تک ادا کرنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بشرطیکہ اگر موت آغاز کی تاریخ یا دوبارہ بحالی کی تاریخ کے پہلے دو سالوں کے اندر اندر خودکشی سے واقع ہوتی ہے تو اور بعد ازاں ممبرشپ بحال کی جاتی ہے، تو آپریٹر کی رقم دینے کی ذمہ داری موت کی تاریخ کے مطابق پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) کی کیش سرینڈر ویلیو تک محدود رہے گی اور ممبرشپ منسوخ کر دی جائے گی۔

واجب الادا اور غیر ادا شدہ کوئی بھی زرشمولیت کی رقم انتقال کی صورت میں فائدے سے کاٹ لی جائے گی۔

2) اگر زرشمولیت کی ادائیگی پہلے دو سال کے بعد برقرار نہ رکھی جائے

ممبرشپ کے اجراء سے دو سال تک ممبرشپ کے قابل اطلاق رہنے کے بعد، اگر کوئی زرشمولیت مقررہ تاریخ یا حاصل کردہ رعایتی مدت کے اندر ادا نہیں کی گئی تو زرتکافل کی حامل رقم ادا شدہ زرتکافل کی رقم تک محدود رہے گی جو ابتدائی سالانہ بنیادی زرشمولیت (یعنی شق II(1)(i) مذکورہ بالا) کی پانچ (5) گنا یکمشت رقم پر مشتمل ہے۔ آپریٹر ممبرشپ کی زرتکافل کی حامل ادا شدہ زرتکافل کی رقم کو پہلی غیر ادا شدہ زرشمولیت کی تاریخ سے بارہ ماہ کی مدت کے لیے ماہانہ کٹوتیوں کو جاری رکھ کر اس وقت تک لاگو رکھے گا جب تک ممبرشپ کی کیش سرینڈر ویلیو جاری ماہانہ کٹوتی کے لئے کافی ہو۔ اگر اس مدت میں کسی ماہ کے دوران ممبرشپ کی کیش سرینڈر ویلیو ماہانہ کٹوتی کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے تو، زرتکافل آسان متناسب بنیادوں پر بقایا کیش سرینڈر ویلیو کے ذریعے فراہمی تک مزید جاری رہے گی، جس کے بعد ممبرشپ منسوخ کر دی جائے گی۔

شریک تکافل کے انتقال کی صورت میں مذکورہ بالا شق II(1)(ii) میں درج فوائد قابل ادا نہ ہوں گے۔

اگر ادا شدہ زرتکافل بارہ مہینوں کے اختتام پر قابل اطلاق رہتا ہے اور اگر کیش سرینڈر ویلیو آپریٹر کی ذیل میں درج آپشنز کے لیے کم سے کم ضروریات سے کم ہے تو، کیش سرینڈر ویلیو ادا کیا جائے گا اور ممبرشپ منسوخ کر دی جائے گی۔

اگر کیش سرینڈر ویلیو آپریٹرز کے کم سے کم ضرورت سے زیادہ ہے، مندرجہ ذیل دو آپشنز دستیاب ہیں:

آپشن اے:

ممبرشپ کو ادا شدہ میں تبدیل کر دیا جائے گا جبکہ ادا شدہ زرتکافل کو اس وقت تک برقرار رکھے جائے جب تک جاری ماہانہ کٹوتیوں کی ادائیگی کے لیے ممبرشپ کی کیش سرینڈر ویلیو کافی نہ ہو۔ یہ ممبرشپ کے میچورٹی کی تاریخ یا شریک تکافل کی جلد موت تک جاری رکھا جائے گا، اگر اس مدت میں کسی ماہ کے دوران ممبرشپ کی کیش سرینڈر ویلیو ماہانہ کٹوتی کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے تو، ادا شدہ زرتکافل آسان متناسب بنیادوں پر بقایا کیش سرینڈر ویلیو کے ذریعے فراہمی تک مزید جاری رہے گی، جس کے بعد ممبرشپ منسوخ کر دی جائے گی۔

شریک تکافل کے ممبرشپ شیڈول میں بیان کردہ میچورٹی کی تاریخ تک پہنچنے پر اور ادا شدہ زرتکافل کے قابل اطلاق ہونے پر، آپریٹر PIA کے تحت دستیاب کیش ویلیو کو مجموعی طور پر ادا کرے گا۔

ممبرشپ شیڈول میں بیان کردہ میچورٹی تاریخ سے پہلے شریک تکافل کے انتقال کی صورت میں اور زرتکافل کے قابل اطلاق ہونے پر، آپریٹر ممبرشپ شیڈول میں بیان کردہ زرتکافل کی ادائیگی کرے گا۔

The Operator will exercise this option automatically if intimation by the Participant to exercise Option B is not received at least fifteen days before the end of the twelve month period mentioned above.

Option B

The Paid Up Sum Covered will be reduced to nil and the Membership will be maintained for the PIA only. Monthly Deductions will exclude any Cover Charge.

On survival of the Person Covered to the Maturity Date as stated in the Membership Schedule, the Operator shall pay, as a lump sum, the Cash Value available under PIA.

On death of the Person Covered before the Maturity Date stated in the Membership Schedule, the Operator shall pay, the Cash Value available under the PIA, at the time of death.

NOTE: Any Supplementary Benefit or Rider shall lapse without value if any renewal Contribution due under the Rider is not paid by the due date or within the grace period allowed.

The option to receive maturity benefits in the form of an Annuity will be treated as null and void under both Options A and B described above.

If Option B is selected, then the benefits mentioned in Clause II(1)(i) and Clause II(1)(ii) above will be cancelled immediately. In case Option A is selected, then the benefits mentioned under Clause II(1)(ii) above will be cancelled immediately while the benefits mentioned in Clause II(1)(i) above shall remain inforce.

3) Maturity Benefits

On Maturity of the Membership, the Operator shall pay, as a lump sum, the Cash Value, unless a Unit-Linked Annuity benefit option was selected by the Participant.

Annuity Benefit Option at Maturity

If the Participant has opted for the Maturity Benefit to be paid in the form of a Unit-Linked Annuity then, providing the Annuity has not been discontinued by the Participant, instead of a lump sum, the Participant shall receive Yearly Annuity instalments every year for the term of five years, with the first instalment being paid on the Maturity Date of the Membership. The Annuity, once commenced, will not be dependent on the continued survival of the Person Covered.

Under the Annuity option, the Participant is permitted to make partial withdrawals over the term of the Annuity. However, the Annuity will only continue if there are sufficient funds remaining in the PIA. If the Yearly Annuity determined at yearly intervals falls below the minimum Yearly Annuity instalment specified in the Charges Endorsement, then the Annuity will be terminated and the balance of the PIA, if any, will be paid as a lump sum to the Participant.

The Operator will, upon receipt of partial withdrawal request, deduct a Surrender Charge from the partial withdrawal amount, as specified in the Charges Endorsement.

The Operator may defer payment of the partial withdrawal amount for the period not exceeding six months.

When a partial withdrawal is made, the amount of partial withdrawal will be deducted from the Cash Surrender Value of PIA.

The amount payable will be calculated by multiplying the number of surrendered units with the bid price at the Valuation Date following receipt by the Operator of the request for partial withdrawal.

The number and amount of partial withdrawals in a Membership Year are subject to limits specified in the Charges Endorsement.

The Yearly Annuity instalment for an Annuity Year shall be calculated by dividing the total number of PIA units remaining in the PIA after deducting Management Charges for that Annuity Year and any partial withdrawals made prior to the Yearly Annuity instalment due, by the outstanding number of Annuity Years. The Yearly Annuity instalment due is the number of units so determined multiplied by the Bid Price on the Valuation Date falling just prior to the Yearly Annuity instalment due date.

On death of the Child mentioned as beneficiary under the Membership before Maturity Date and during the lifetime of the Person covered, one of the following three options are available to the Person Covered:

i. Continue the Membership for the benefit of another Child.
ii. Surrender the Membership and claim Cash Surrender Value of PIA.
iii. Continue the Membership without naming another Child.

آپریٹر یہ آپشن خود بہ خود استعمال کرسکتا ہے اگر شریک تکافل کی جانب سے آپشن B پر عمل کرنے سے متعلق مذکورہ بارہ ماہ کی مدت کے اختتام سے پہلے کم سے کم پندرہ روز قبل مطلع نہیں کیا جاتا ہے۔

آپشن بی:

اداشدہ زرتکافل کو صفر کردیا جائے گا اور ممبرشپ صرف PIA کے لیے برقرار رکھی جائے گی۔ ماہانہ کٹوتیاں کسی بھی تکافل چارجز کی کٹوتی کے بغیر ہوگی۔

شریک تکافل کے ممبرشپ شیڈول میں بیان کردہ میچورٹی کی تاریخ تک پہنچنے پر، آپریٹر PIA کے تحت دستیاب کیش ویلیو کو مجموعی طور پر ادا کرے گا۔

ممبرشپ شیڈول میں بیان کردہ میچورٹی کی تاریخ پر پہنچنے سے قبل شریک تکافل کے انتقال کی صورت میں، آپریٹر انتقال کے وقت PIA کے تحت دستیاب کیش ویلیو ادا کرے گا۔

نوٹ: کوئی بھی ضمنی معاہدہ یا رائیڈر کسی ویلیو کے بغیر ختم کردیا جائے گا اگر رائیڈر کے تحت ہونے والی تجدید واجب الادا زرشمولیت مقررہ تاریخ یا دی گئی رعایتی مدت کے اندر ادا نہیں کیا جاتا۔

اینیوٹی کی شکل میں میچورٹی کے فوائد حاصل کرنے کے آپشن کو درج بالا آپشنز A اور B دونوں کے تحت کالعدم تصور کیا جائے گا۔

اگر آپشن بی کا انتخاب کیا گیا ہے تو مذکورہ بالا شق (i)(1)II اور شق (ii)(1)II میں درج فوائد فوری طور پر منسوخ کردیئے جائیں گے۔ اگر آپشن اے کا انتخاب کیا گیا ہو تو مذکورہ بالا شق (ii)(1)II کے تحت درج فوائد کو فوری طور پر منسوخ کردیا جائے گا جبکہ مذکورہ بالا شق (i)(1)II میں درج فوائد بدستور لاگو رہیں گے۔

3) میچورٹی پر فوائد

ممبرشپ کی میچورٹی پر آپریٹر کیش ویلیو کی رقم یکمشت ادا کرے گا جب تک کہ شریک دار کی جانب سے کسی یونٹ لنکڈ اینیوٹی فوائد کا آپشن منتخب نہیں کیا جاتا ہے۔

میچورٹی پر اینیوٹی فائدے کا آپشن

اگر شریک تکافل نے میچورٹی فوائد کو یونٹ لنکڈ اینیوٹی کی شکل میں ادا کرنے کا انتخاب کیا ہے تو، شریک تکافل کی جانب سے اینیوٹی کی فراہمی کو بند نہیں کیا جائے گا، مجموعی کے بجائے شریک تکافل 5 سال کی مدت کے لئے ہر سال سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ موصول کرے گا، پہلی انسٹالمنٹ ممبرشپ کی میچورٹی کی تاریخ پر ادا کی جائے گی۔ اینیوٹی کے شروع ہوجانے پر، اس کا انحصار شریک تکافل کے مسلسل حیات پر نہیں ہوگا۔

اینیوٹی آپشن کے تحت، شریک تکافل کو اینیوٹی کی مدت کے دوران جزوی دستبرداری کرنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم، اینیوٹی اسی صورت میں جاری رہے گی اگر PIA میں کافی فنڈز موجود رہیں۔ اگر سالانہ وقفوں پر طے شدہ سالانہ اینیوٹی چارجز کی توثیق میں بیان کردہ کم سے کم سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ سے نیچے آجاتی ہے تو، اینیوٹی منسوخ کردی جائے گی اور PIA کا بیلنس، اگر کوئی ہے تو، شریک تکافل کو مجموعی طور پر ادا کیا جائے گا۔

آپریٹر، اس طرح کی درخواست موصول ہونے پر، جزوی دستبرداری رقم سے سرینڈر چارج کاٹ لے گا، جیسا کہ چارجز کی توثیق میں بیان کیا گیا ہے۔

آپریٹر چھ ماہ سے زیادہ مدت کے لیے جزوی دستبرداری کی رقم کی ادائیگی کو موخر نہیں کرسکتا۔

جزوی دستبرداری حاصل کرنے پر، PIA میں موجود کیش سرینڈر ویلیو سے جزوی دستبرداری کی رقم کی کٹوتی کی جائے گی۔

قابل ادائیگی رقم کا حساب آپریٹر کی جانب سے جزوی دستبرداری کی درخواست موصول ہونے کے بعد ویلیوایشن کی تاریخ پر بولی کی قیمت کے ساتھ سرینڈر شدہ یونٹس کی تعداد کو ضرب لگا کر لگایا جائے گا۔

ممبرشپ سال میں جزوی دستبرداری کی رقم اور تعداد چارجز کی توثیق میں بیان کردہ حدود سے مشروط ہے۔

کسی سالانہ اینیوٹی کے لیے سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ کا حساب PIA میں موجود بقیہ یونٹس کی کل تعداد کو تقسیم کرتے ہوئے اس سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ کے لیے مینجمنٹ چارجز کی کٹوتی کے بعد اور کوئی جزوی دستبرداری جو کہ واجب الادا سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ سے قبل کی گئی ہو، منتخب کردہ اینیوٹی مدت میں سالانہ اینیوٹی کی بقایا تعداد کے ذریعے لگایا جائے گا۔ واجب الادا سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ یونٹس کی تعداد ہے جو کہ ویلیوایشن کی تاریخ پر بولی کی قیمت کے ذریعے سالانہ اینیوٹی انسٹالمنٹ کی مقررہ تاریخ سے بالکل پہلے طے کی جاتی ہے۔

ممبرشپ کے تحت میچورٹی کی تاریخ تک پہنچنے سے پہلے بطور بینی فشری بیان کردہ بچے کے انتقال کی صورت میں اور شریک تکافل کی زندگی کے دوران ہونے کی صورت میں شریک تکافل کو درج ذیل تین آپشنز دستیاب ہوں گے:

i۔ کسی دوسرے بچے کے فوائد کے لیے ممبرشپ کو جاری رکھنا۔
ii۔ ممبرشپ سے دست برداری اور پی آئی اے کی کیش سرینڈر ویلیو کا کلیم۔
iii۔ کسی دوسرے بچے کا نام دیے بغیر ممبرشپ کو جاری رکھنا۔